13/03/2026

09.25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

کسانPM

وزیر اعظم نریندر مودی آج گوہاٹی آسام سے پردھان منتری کسان سمان نِدھی کی22 ویں قسط جاری کریں گے ۔

کے ذریعے 18 ہزار 640 کروڑ DBT وزیر اعظم 9 کروڑ 22 لاکھ کسانوں کے بنک کھاتوں میں روپے منتقل کریں گے ۔

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آج لوگ جس امن کے ماحول میں رہ رہے ہیں، اُس کو بڑی قیمت دے کر حاصل کیا گیا ہے، جس کو رائیگاں کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ آل انڈیا پولیس کبڈی کلسٹر کے دوسرے شمارے کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ رواداری اور امن کو فروغ دینے میں کھیل سرگرمیاں بھی اہم رول ادا کرتی ہیں۔

LG نے اس موقعے پر کھلاڑیوں کی عزت افزائی کی ۔ پولیس کے سربراہ نلن پر بھات اور وسپیشل ڈی جی کارڈنیشن ایس جے ایم گیلانی کے علاوہ دیگر کئی پولیس افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

چیف سیکریٹری

Medicinal چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر میں Aromatic اور کی بڑے پیمانے پر کاشت کےلئے مجوزہ منصوبے کا جائزہ لیا۔

اس منصوبے کو عملانے کا مقصد اس سیکٹر کو مزید مستحکم کرنا اور اسے وابستہ کسانوں کی آمدن میں اضافہ کرنا ہے۔ چیف سکریٹری نے مجوزہ منصوبے کو سائنسی بنیادوں پر عملانے کی ہدایت دی۔

جمعتہ الوداع

آج رمضان المبارک کی23 تار یخ ہے۔ جمعتہ الوداع کی مناسبت سے آج وادی بھر کی مساجد، خانقاہوں،امام بار گاہوں اور زیارت گاہوں میں نماز جمعہ کے بڑے بڑے اجتماعات ہو رہے ہیں۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں ہو گا جہاں نماز جمعہ سے قبل در گاہ عالیہ کے امام و خطیب مولانا ریاض الحق نورآبادی و عظ فرمائیں گے۔ آثار شریف میں نماز جمعہ دوپہر اڑھائی بجے ادا کی جائے گی۔ انتظامیہ نے جمعتہ الوداع کے موقعے پر لوگوں کی سہولت کےلئے مناسب انتظامات کئے ہیں۔ دریں اثناءسرکار نے آج یو ٹی بھر میں جمعتہ الوداع کی چھُٹی کا اعلان کیا ہے۔

LGمبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوام کو جمعتہ الوداع کے موقعے پر مبارک دی ہے۔ انہوننے لوگوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کر تے ہوئے اُمید ظاہر کی ہے کہ یہ دن ترقی اور خوشحالی کا پیغام لے کر آئے گا۔

مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، کا بینی وزرائ، جمونو کشمیر وقف کشمیر وی کے IGP بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی، ڈی جی پی نلن پربھات اور بردی نے بھی لوگوں کو جمعتہ الوداع کے موقعے پر مبارکباد دیتے ہوئے امن و امان اور خوشحالی کےلئے دعا کی ہے۔

ہفتہ

ویک منایا جارہا ہے۔ اس ہفتے کو منانے کا مقصد Glaucoma مار چ سے 14 مارچ تک ورلڈ8 آنکھوں کو لگنے والی اس بیماری کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔

شعبے کے Ophthalmology اس تعلق سے ہم نے جب گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں پروفیسر اور ہیڈ ڈاکٹر جنید وانی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

PIB

پریس انفارمیشن بیورو جموں کے اہتمام سے پریس کلب جموں میں کل "AI Impact Summit-2026" کے موضوع پر ایک ورکشاپ منعقد ہوا جس کا مقصد صحافت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کی بڑھتی اہمیت کو اُجاگر کرنا تھا۔

اس موقعے پر اظہار خیال کر تے ہوئے PIB جموں کی ڈائریکٹر نیہا جلالی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت میڈیا کے شعبے کو بھی متاثر کر رہی ہے اور صحافیوں کو ٹیکنالوجی کے ارتقاکی نسبت خود کو تیار کرنا چاہئے۔

اس موقعے پر دیگر کئی مقررین نے بھی موضوع کے تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

جاب میلہ

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مرکزی وَزارت کے اہتمام سے جموں اور سرینگر میں ایک روزگار میلہ منعقد ہو رہا ہےیہ روزگار میلہ نیشنل انسٹی چیوٹ آف الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سرینگر کیمپس میں16 مارچ2026کو منعقد ہو گا، جبکہ جموں میں اسی ادارے کے جموں کیمپس میں18 مارچ2026کو منعقد ہوگا۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اہتمام سے شوہامہ میں ایک جامع شجر کا ری Mountain Reseach Centre for Sheep and Goatکل کے تحت منعقدہ اسی شجرکاری پروگرام پر "Green Initiative"مہم کا انعقاد ہوا۔ یونیورسٹی کے یونیورسٹی کے کئی شعبوں کے سر براہ اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔اس موقعے پر کیکر، توت، خوبانی، بید، چینی بوٹے اور سفیدے کے درخت لگائے گئے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....